© rasailojaraid.com

# اجلاس اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان

(منعقدہ رہائش گاہ مولانا عبدالمالک صاحب، پارلیمنٹ لاجز، اسلام آباد)

اتحادِ تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کے قائدین کا اجلاس اسلام آباد میں حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اتفاق رائے سے طے کیا گیا کہ سوسائٹیز ایکٹ ۱۸۶۰ء اور ٹرسٹ ایکٹ ۱۸۸۲ء کے تحت ہمیں رجسٹریشن غیر مشروط طور پر منظور ہے بلکہ یہ ہمارا مطالبہ رہا ہے۔ البتہ جو نیا ترمیمی رجسٹریشن آرڈی نینس جاری کیا گیا ہے یہ امتیازی ہے اور اس کے بارے میں ہمارے تحفظات ہیں۔ اگر ہمارے تحفظات کا قانونی طور پر ازالہ کر دیا جائے تو ہم ازسرِ نو اس پر غور کرنے کے لیے تیار ہیں۔ تاہم موجودہ شکل میں یہ قابل قبول نہیں ہے۔ نیز ہم صدر مملکت اور وزیر اعظم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے تمام درجات کی اسناد کی منظوری اور غیر ملکی طلبہ کا مسئلہ ترجیحی طور پر حل کریں تاکہ اہل مدارس کا اعتماد بحال ہو۔

شرکاء اجلاس:

۱۔ مولانا سلیم اللہ خان صاحب (صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان)

۲۔ قاری محمد حنیف جالندھری صاحب (جنرل سیکریٹری وفاق المدارس العربیہ پاکستان)

۳۔ پروفیسر ساجد میر صاحب (صدر وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان)

۴۔ میاں نعیم الرحمٰن صاحب (جنرل سیکریٹری وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان)

۵۔ پروفیسر مفتی منیب الرحمٰن صاحب (صدر تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان)

۶۔ ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی صاحب (جنرل سیکریٹری تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان)

۷۔ مولانا عبدالمالک صاحب (صدر رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان)

۸۔ مولانا ڈاکٹر عطاء الرحمٰن صاحب (جنرل سیکریٹری رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان)

۹۔ علامہ سید نیاز حسین نقوی صاحب (نمائندہ صدر وفاق المدارس الشیعہ پاکستان)

۱۰۔ علامہ سید محمد عباس نقوی صاحب (جنرل سیکریٹری وفاق المدارس الشیعہ پاکستان)

۱۱۔ مولانا غلام محمد سیالوی صاحب (ناظم امتحانات تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان)

۱۲۔ مولانا محمد عبدالمصطفیٰ ہزاروی صاحب (جوائنٹ سیکریٹری تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان)

۱۳۔ مولانا ولی خان المظفر صاحب (سیکریٹری صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان)

۱۴۔ مولانا محمد یاسین ظفر صاحب (رابطہ سیکریٹری وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان)

۱۵۔ حافظ عطاء الرحمٰن صاحب (نائب صدر رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان)

۱۶۔ مولانا سید قطب صاحب (مرکز علوم اسلامیہ منصورہ لاہور)



© rasailojaraid.com